# 128853 ـ ماہواری سے قبل ہونے والی درد اور روزہ

**سوال**

میری عمر بیس برس ہے، بعض اوقات رمضان المبارك میں ظہر کی نماز سے قبل ماہواری سے قبل ہونے والی درد اتنی شدید ہوتی ہے کہ میں کھڑی بھی نہیں ہو سکتی، حتی کہ میں بیٹھ کر بھی نماز ادا نہیں کر سکتی، اور ماہواری کا خون نماز مغرب سے پانچ منٹ قبل آتا ہے، یہ علم میں رہے کہ میرا روزہ ہوتا ہے، تو کیا میرے لیے یہ روزہ قضاء کرنا ہوگا، یا کہ میں روزہ دار شمار کی جاونگی ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

جب غروب آفتاب سے قبل ماہواری کا خون آ جائے تو آپ کا روزہ ختم ہو جائیگا، آپ کو اس روزہ کی قضا کرنا ہوگی، رہا مسئلہ ماہواری سے قبل آنے والی درد کا تو اس سے روزہ باطل نہیں ہوتا، خون آنے کا وقت قریب ہونے سے درد ہونے کی بنا پر روزہ باطل نہیں ہوگا، بلکہ خون آنے سے باطل ہوتا ہے.

لیکن اگر یہ درد غروب آفتاب تك رہے اور خون نہ آئے تو آپ کا روزہ صحیح ہوگا، اور آپ اس روزہ کی قضاء نہیں کرینگی.

لیکن اگر خون غروب آفتاب سے قبل آ جائے چاہے پانچ منٹ قبل ہی تو یہ روزہ باطل ہو جائیگا، اور اس کی قضاء کرنا واجب ہوگی، ہمارے علم کے مطابق تو اس کا شرعی علم یہی ہے، لیکن درد میں تخفیف کے لیے تو دوائی موجود ہے اس کے متعلق آپ کو ڈاکٹر حضرات سے دریافت کرنا چاہیے.

امید ہے آپ کو اس کا علاج مل جائے جس سے آپ کی حالت بہتر ہو جائے اور درد جاتی رہے " انتہی

فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ .